ہندوستان میں
اہلِ حدیث کی علمی خدماتِ

تالیف

مولانا ابو یحییٰ امام خان نوشہروی

جمع و ترتیب

مولانا محمد حنیف یزدانی

ناشر

مکتبہ نذیریہ

چیچہ وطنی

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com

Marfat.com

ہندوستان میں اہلِ حدیث کی علمی خدمات

تالیف

مولانا ابو یحییٰ امام خان نوشہروی

جمع و ترتیب

مولانا محمد حنیف یزدانی

ناشر

مکتبۂ نذیریہ

چیچہ وطنی

Marfat.com

بیان التنبیہ

[illegible]

تالیف

[illegible]

ترجمہ

[illegible]

ناشر

مکتبہ نبویہ

[illegible]

Marfat.com

ہندوستان میں اہل حدیث کی علمی خدمات

از

حضرت مولانا ابو یحییٰ امام خاں نوشہرویؒ

جمع وترتیب

مولانا محمد حنیف یزدانی

ناشر

مکتبہ نذیریہ چیچہ وطنی ضلع ساہیوال

Marfat.com

137936

سلسلہ تبلیغ نمبر ۹

نام کتاب: ہندوستان میں اہل حدیث کی علمی خدمات

نام مصنّف: حضرت مولانا ابو یحییٰ امام خاں نوشہروی

نام مرتّب: مولانا محمد حنیف یزدانی

کتابت: حکیم محمد شفیع۔ ادارہ کتابت، چوک دال گراں۔ لاہور

طباعت: ثنائی پریس ایبک روڈ لاہور

صفحات: ۲۴۴ صفحات

قیمت: ۹ روپے

ناشر: مکتبہ نذیریہ چیچہ وطنی ضلع ساہیوال

تاریخ اشاعت: جمادی الاولیٰ ۱۳۹۱ھ

Marfat.com

تعارف

"مکتبہ نذیریہ"

علاقہ چیچہ وطنی میں یوں تو دینی مدارس اور علماء کرام کی کمی نہیں لیکن دینی محاذ پر نشر و اشاعت کا سلسلہ نہ ہونے کے برابر تھا۔ مگر ۱۹۶۵ء میں ایک جواں سال عالم دین مولانا محمد حنیف یزدانی نے مسند ولی اللّٰہی کے آخری جانشین سید نذیر حسین محدث دہلوی سے روحانی عقیدت کی بنا پر ان کے نام کی مناسبت سے "مکتبہ نذیریہ" کی بنیاد رکھی۔ چیچہ وطنی آنے سے قبل آپ قصور میں نشر و اشاعت کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے تھے۔ آپ نے چیچہ وطنی کے علاقہ میں کتاب و سنّت کی اشاعت کے مقصد کے تحت کتابوں کی اشاعت کا سلسلہ شروع کیا۔ دینی کتب کی اشاعت کو مولانا یزدانی اپنی زندگی کا اولین مقصد سمجھتے ہیں۔ حالانکہ اس علاقہ میں نہ تو کوئی پریس ہے۔ اور نہ ہی کتابت کی سہولت میسّر ہے۔ دوسری جانب مولانا یزدانی کے ذرائع بھی محدود ہیں۔ مگر آپ ایک عظیم مقصد کے حصول کے لیے ان مجبوریوں کو خاطر میں نہ لائے۔ آپ کی شائع کردہ کتابوں کی ایک امتیازی خصوصیت یہ ہے کہ وہ اکثر آفسٹ پر چھپتی ہیں اور انتہائی دیدہ زیب ہوتی ہیں آپ نے اب تک جو کتابیں شائع کی ہیں ان کی تفصیل یہ ہے (۱) تحریک آزادیٔ فکر اور حضرت شاہ ولی اللہؒ کی تجدیدی مساعی مصنفہ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد اسماعیل سلفی گوجرانوالہ (۲) مرزائے قادیان اور علماء اہل حدیث مصنفہ محمد حنیف یزدانی (۳) قرآنی دعائیں مرتبہ مولانا یزدانی (۴) ہمارے عقائد مولانا یزدانی (۵) مرشد جیلانی کے ارشادات حقانی مصنفہ مولانا یزدانی (۶) اصحاب بدر مصنفہ قاضی محمد سلیمان منصور پوریؒ ان کتب کی اشاعت سے قبل آپ نے سید نذیر حسین محدّث دہلوی کی لکھی ہوئی کتاب "معیار الحق" شائع کی ہے۔ مولانا محمد حنیف یزدانی نوجوان علماء اہل حدیث میں اس اعتبار سے منفرد مقام رکھتے ہیں۔ کہ آپ کو اپنے مسلک کی دینی کتابیں شائع کرنے کا شوق ہی نہیں بلکہ عشق ہے۔

روزنامہ "ندائے ملت" لاہور

۳۱ مارچ ۱۹۷۰ء

Marfat.com

فہرست

مضامین	صفحہ
عرض ناشر	۵
شکریہ داعیانِ جلسہ	
عقیدہ اہل حدیث	
ہندوستان میں افراد اہل حدیث کا ورود	
ہندوستان میں دوسرے تابعی کا ورود	
تیسرے تابعی	
دو مسلم سندھی محدث	
شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ	
بارھویں صدی ہجری میں	
شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کی خدمتِ حدیث	
شاہ ولی اللہ کا ابلاغِ قرآن	
شاہ ولی اللہ کے شاگرد	
شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ	
شاہ عبدالعزیز محدث کی تحریک جہاد	
شاہ عبدالعزیز محدث کے شاگرد	
سیدنا شاہ محمد اسماعیلؒ کی تحدیث و تبلیغ	
شاہ محمد اسماعیلؒ کا ذکر شہادت	
شیخ الکل میاں سید نذیر حسین محدث دہلویؒ کی تحدیث	
ہندوستان میں میاں صاحب کے شاگرد	
ہندوستان سے باہر میاں صاحب کے شاگرد	
قرآن مجید کے ترجمے	
قرآن مجید کی تفسیر میں جماعت کی مسابقت	
نواب صدیق حسن خانؒ کی خدمات	
کتب حدیث کے اردو ترجمے	
جماعت اہل حدیث کی صحافی خدمات	
زبان اردو کی خدمت	
جماعت اہل حدیث کی تصانیف	
جماعت اہل حدیث کے اخبار	
جماعت اہل حدیث کے مطابع	
جماعت اہل حدیث کے مدرسے	
آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کے سالانہ جلسے	
آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کی شائع کردہ کتابیں	
آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کے مدرسے	
ضمیمہ	

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرضِ ناشر

ہر طرح کی حمد و ثنا اس خدا کے لیے جس نے کل کائنات کو
بنایا بے شمار درود و سلام اس نبی برحق پر جس نے کائنات میں
حق کا بول بالا کیا۔

امّا بعد

اس احقر العباد طالب الرشاد کی دیرینہ آرزو تھی کہ مولانا ابو یحییٰ امام خاں نوشہروی رحمۃ اللہ علیہ کی مقدس تالیف "اہل حدیث کی علمی خدمات" شائع کروں لیکن نامساعد حالات کی وجہ سے یہ "علمی خزانہ" منظر عام پر لانے سے قاصر رہا۔ اگرچہ مؤلف مرحوم نے ۲۲ فروری ۱۹۶۴ء کو مجھے تحریری اجازت نامہ دے دیا تھا۔ لیکن مولانا عطاء اللہ صاحب حنیف کے سوا پاکستان میں کسی بھی اہل حدیث لائبریری، مدرسہ اور عالم دین سے یہ کتاب دستیاب نہ ہوئی۔ یا کم از کم جن جن بزرگوں اور عالموں سے ہمیں دریافت کرنے کا موقعہ ملا۔ وہاں سے جواب اثبات کی بجائے منفی ہی ملا۔ اور یہ صورت حال نہایت تکلیف دہ ہے۔ چاہیئے تو یہ تھا کہ ہر مشہور و متعارف مدرسہ میں تمام اہل حدیث علمائے کرام کی جملہ تصانیف کی ایک مکمل لائبریری ہوتی تاکہ ہر طالب علم اس سے بآسانی استفادہ کر سکتا۔ سوءِ اتفاق سمجھیئے کہ مولانا عطاء اللہ صاحب حنیف کی لائبریری سے یہ نسخہ مؤلف مرحوم کے ذریعہ مجھ تک پہنچا۔ اور ۴ مئی ۱۹۶۵ء کو قصور سے چیچہ وطنی منتقل ہوتے ہوئے اس کتاب کے آخری چند صفحات کہیں راستے میں گر گئے۔ جس کا مجھے بہت افسوس ہوا لیکن میں نے ہمت نہ ہاری اور کتاب کی تلاش جاری رکھی۔ جویندہ یابندہ۔ پاکستان میں تو مجھے یہ کتاب کہیں سے نہ ملی لیکن محترم مولانا عبدالقادر صاحب حلیم

Marfat.com

خطیب اہل حدیث میاں جنوں کے مشورہ پر محترم مولانا محمد داؤد راز دہلی (انڈیا) کے پتہ پر خط لکھا تو مولانا نے حوصلہ افزا جواب دیا اور فرمایا کہ یہ کتاب میں عنقریب پاکستان جانے والے کسی دوست کے ہاتھ بھیج دونگا۔ چنانچہ بحمداللہ یہ کتاب مولانا نے حسب وعدہ ہمیں بھیج دی۔ اللہ تعالیٰ مولانا کو دنیا و آخرت میں بہتر جزا عطا فرمائے آمین۔ "اہل حدیث کی علمی خدمات" یہ معلوماتی مقالہ مولف مرحوم نے ۲۹ مارچ ۱۹۲۷ء کو آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کی پچاس سالہ جوبلی کے موقعہ پر پڑھا اور آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس دہلی نے اسے پہلی مرتبہ شائع کیا۔ "مکتبہ نذیریہ چیچہ وطنی" کو جب اسے دوبارہ منظر عام پر لانے کی سعادت نصیب ہوئی تو ۱۹۲۷ء سے لے کر آج تک مزید جتنی خدمات علمائے اہل حدیث نے سرانجام دیں ان کا تذکرہ ضروری تھا۔ تو ہم نے مولف مرحوم ہی کی خدمت میں التماس کی کہ آپ ترمیم و اضافہ کی بھی تکلیف گوارا فرمائیں۔ جو انہوں نے بخندہ پیشانی قبول فرماتے ہوئے کچھ حصہ و اضافہ ہمارے سپرد کیا اور باقی ہم نے خود کوشش کرکے پورا کیا۔ نہایت افسوس سے لکھا جاتا ہے کہ انڈیا سے یہ کتاب ابھی ہمیں ملی نہیں تھی کہ ۱۹۶۶ء میں مولف مرحوم اس دار فانی سے کوچ کر گئے۔ اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں آمین۔

گذارش احوال واقعی

"اہل توحید" اصحاب ثروت کی خدمت میں التماس ہے کہ وہ ایسی مفید عام کتابیں خرید کر عوام و علماء میں مفت تقسیم کریں۔ تاکہ جو ادارہ یہ تبلیغی و علمی خدمات سرانجام دے رہا ہے اس کی حوصلہ افزائی ہو اور علمائے کرام خوب دلجمعی اور اطمینان سے تبلیغ و اشاعت کا فریضہ ادا کرسکیں۔ کیونکہ جب تک علماء اپنا "علم" اور مخیر حضرات اپنی "دولت" تبلیغ دین کے لیے وقف نہیں کریں گے۔ فریضہ تبلیغ دین کما حقہ ادا نہیں ہوگا۔ تبلیغ دین کرنے والے اداروں کو مالی امداد دینا گویا کہ مجاہد کو ہتھیار لے کے

Marfat.com

دینا اور خود جاہلیں شریک ہوتا ہے۔ اہل توحید کے مقدس گروہ میں اس کی بیسیوں مثالیں موجود ہیں۔ حامی سنن حضرت مولانا نواب سید محمد صدیق حسن رحمۃ اللہ علیہ جہاں بہت سی کتابوں کے مصنف ہیں وہاں آپ نواب وقار جنگ علامہ وحید الزمان رحمۃ اللہ علیہ مترجم صحاح ستّہ و قرآن مجید و مصنّف کتب علمیہ کثیرہ کو اپنے خصوصی خزانہ سے ماہانہ وظیفہ بھی عنایت فرماتے رہتے تھے تو انہوں نے حدیث کی تمام کتابوں کا ترجمہ و تشریح اور قرآن مجید کی تفسیر لکھی۔ مولانا محمد سعید بنارسی رحمۃ اللہ علیہ کا "ہدایۃ المرتاب" لکھنے پر پچاس روپیہ ماہانہ وظیفہ مقرر فرما دیا۔ بخاری شریف حفظ کرنے پر ہزار روپے کا اور بلوغ المرام حفظ کرنے پر سو روپیہ انعام دینے کا اعلان فرمایا۔ حضرت علامہ نواب صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی دریا دلی کی وجہ سے ریاست بھوپال میں "علمائے حق" کا ایک جمِ غفیر جمع ہو گیا تھا۔ دہلی میں شیخ عطاء الرحمٰن صاحب رحمۃ اللہ علیہ بانی دار العلوم رحمانیہ کی سخاوت و مروّت علماء و طلباء کے لیے ایک نعمتِ غیر مترقبہ تھی۔ ایسے ہی شیخ حمید اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ بھی علمائے کرام کے قدر دان تھے۔ آج بھی جماعت میں ایسے مخیّر حضرات موجود ہیں۔ کہ اگر وہ اشاعت دین کے سلسلہ میں دلچسپی لیں۔ تو بہت سے رُکے ہوئے کام جلد ہی سرانجام پا جائیں۔ گویا کہ گاڑی تو موجود ہے۔ لیکن اس کے لیے پٹرول کی ضرورت ہے۔ اور یہ بات سب پر عیاں ہے کہ اگر پٹرول نہ ہوگا تو گاڑی کیسے چلے گی۔ تبلیغ و اشاعت کے سلسلہ میں ہمارے پروگرام بہت وسیع ہیں لیکن اس سلسلہ میں ہمارے سامنے کچھ رکاوٹیں ہیں اور یہ رکاوٹیں اصحابِ ثروت کے تعاون سے ہی دور ہو سکتی ہیں۔ ہماری التماس صرف اتنی ہے کہ آپ مکتبہ نذیریہ چیچہ وطنی کی مطبوعات زیادہ سے زیادہ خرید کر ہمارے ساتھ تعاون اور عوام میں تبلیغ دین کا فریضہ ادا کریں۔

التماس

قارئین کرام سے التماس ہے کہ اگر وہ کہیں غلطی یا کمی محسوس کریں تو ہمیں اطلاع دیں۔ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح کی جائے گی انشاء اللہ تعالیٰ۔

محمد حنیف یزدانی۔ ناظم۔ مکتبہ نذیریہ چیچہ وطنی

بدھ ۱۶ صفر ۱۳۹۰ھ

۲۲ اپریل ۱۹۷۰ء

Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہندوستان میں جماعت اہلِ حدیث کی علمی خدمات

یہ مقالہ آل انڈیا اہل حدیث کانفرنس کی طرف سے مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کی ۵۰ سالہ جوبلی پر بتاریخ ۲۹ مارچ ۱۹۳۷ء پڑھا گیا

الحمد للہ والصلوٰۃ والسلام علی عبادہ الذین اصطفیٰ

اصل دین آمد کلام اللہ معظّم داشتن

پس حدیثِ مصطفےٰ برجاں مسلّم داشتن

حضرات!

سب سے پہلے میں آل انڈیا اہلِ حدیث کانفرنس کی طرف سے داعیانِ جلسہ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے ازراہِ کرم ہماری جماعت کو اس یادگار تعلیمی مجلس میں شرکت سے سرفراز فرمایا۔

حضرات!

امید ہے کہ آپ مجھے اپنی جماعت کے اس عقیدہ کی مختصر، تشریح کے موقعہ سے محروم نہ رکھیں گے۔

Marfat.com

جس کی بنا پر ہم اپنی نسبت لفظ حدیث کے ساتھ کرکے خود کو اہل حدیث کہتے ہیں۔ لفظ حدیث کے لغوی اور اصطلاحی معنی ظاہر ہیں اور مسلمانوں کا کوئی فرقہ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر عمل کرنے سے منکر نہیں مگر (بعض) دوسرے فرقوں اور ہم (اہل حدیث) میں یہ فرق ہے کہ ہم حدیث پر عمل کرنے کے لیے اِدھر اُدھر کی تصدیق و توثیق کا انتظار نہیں کرتے بلکہ بحسب قول جناب امام ابوحنیفہ (رحمۃ اللہ تعالے) ہمارا شعار

اترکوا قولی بخبر الرسول

ہے۔

یا مثلاً جس طرح بعض فرقوں کا شعار ہے کہ اگر حدیث اُن کے منضبط کلیہ کے ماتحت ہے تو اس پر عمل کے لیے بلا تامل لبیک کہا جاتا ہے ولیکن اگر کوئی حدیث اُن کے اُس ـــــ کلیہ کے خلاف ہو تو اب اُس کی تاویل (دور از تاویل) کی جاتی ہے پھر اگر اس پر بھی وہ چسپت نہ آسکے تو ناچار اُسے مسترد کر دیا جاتا ہے پس یہ طریق ہمارے (اہل حدیث کے) نزدیک کسی عنوان قابلِ پذیرائی نہیں بلکہ یہاں "حدیث من حیث حدیث" ہے قرآن مجید کے بعد وہی حکم ہے وہی امام مسلم ہے اسی کو متبوع سمجھا جاتا ہے یعنی وہ خود ایک ایسا کلیہ ہے جس پر جملہ ـــــ احکام متفرع ہوتے ہیں اور وہ (احکام) بھی حدیث ہی ہے۔ اس لیے ہم (اہل الحدیث) نے ہر طرف سے اعراض کرکے صرف قرآن و حدیث سے اپنا رشتہ قائم رکھا فنعم الوفاق یعنی

کسی کا ہو رہے کوئی نبی کے ہو رہیں گے ہم

ہندوستان میں افراد اہلِ حدیث کا وُرود

اس وقت تمام ملک میں جماعت اہلِ حدیث کی تعداد ایک اور دو کروڑ کے درمیان ہے اور کوئی صوبہ بلکہ ضلع ایسا نہیں جس میں ان کا وجود نہ ہو خصوصاً صوبہ بہار و بنگال و اضلاع پنجاب و دہلی اور نواح دہلی وغیرہ میں ہماری جماعت بکثرت پھیلی ہوئی ہے اور دن بدن ترقی پذیر فالحمد للہ من قبل و من بعد

Marfat.com

ولیکن ہندوستان میں اولیت کا شرف حضرت ربیع بن صبیح السعدی البصری کو ہوا۔ یہ بزرگوار تابعی تھے۔ اور ۱۶۰ھ میں بعہد خلیفہ مہدی عباسی جو فوج ہندوستان کی طرف بھیجی گئی اس میں آپ بھی تھے۔ جناب ربیع بن صبیح اسلام میں پہلے شخص ہیں جنہوں نے احادیث کے منتشر اوراق کے یکجا کرنے میں سب سے پہلے حصہ لیا بلکہ اسلام میں سب سے پہلے تصنیف کی طرح بھی انہوں ہی نے ڈالی جیسا کہ صاحب "کشف الظنون" کا بیان ہے۔

قیل ھو اول من صنف وبوب فی الاسلام[۱] یہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے اسلام میں تصنیف کی

ہندوستان میں دوسرے تابعی کا ورود حضرت جاب بن فضالہ ہیں جناب انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہ کی زیارت سے مشرف ہوئے اور ہندوستان کو اپنے ورود سے مفتخر فرمایا۔[۱]

تیسرے تابعی نام اسرائیل بن موسی یہ بزرگوار جناب امام حسن بصری کے شاگرد تھے۔ بارہا ہندوستان تشریف لائے اور اسی وجہ سے آپ کا لقب نزیل ھند ہو گیا۔[۲]

دو نومسلم سندھی محدث دوسری صدی ہجری کے آئمہ حدیث و سیر میں ابو معشر نجیح سندھی بھی ہیں۔ آپ مدینہ جا کر رہے تو مدنی کہلانے لگے۔ یہ اپنے وقت میں فن مغازی و سیر کے امام تھے۔ دوسرے بزرگ رجا السندی ہیں جو ایران پہنچ کر اسفرائینی کہلائے فن حدیث میں یہ کمال پیدا کیا کہ مشہور محدث حاکم ان کے حال میں کہتے ہیں کہ رکن من ارکان الحدیث یہ حدیث کے ارکان میں سے ایک رکن ہیں۔

ان حضرات کے عہد تک اتباع حدیث کے بغیر کوئی دوسرا راستہ تجویز نہ ہوا تھا پس بلاد ربیع کہا

---

[۱] میزان الاعتدال ج ۱ ص ۲۰۸ } بحوالہ رسالہ معارف اعظم گڑھ ج ۲۲ نمبر ۴
[۲] تہذیب التہذیب ج ۱ ص ۲۶۱ }

Marfat.com

جا سکتا ہے کہ ہندوستان میں جہاں اسلام کی اشاعت میں ان حضرات سے مدد ملی وہاں عمل بالحدیث کا چرچا بھی ان کی بدولت ہوتا گیا۔

اس کے بعد کئی سو برس تک کے حالات تحدیث و علم ہم سے پوشیدہ ہیں اور اگرچہ مسلمانوں کے عہد حکومت میں مدار فقہ حنفیہ پر رہا مگر کہیں کہیں حدیث و عمل بالحدیث کے ذکر بھی سننے میں آجاتے ہیں۔

تا آنکہ حضرت نظام الدین اولیاء (دہلی) رحمہ اللہ تعالیٰ نے سماع پر علمائے فقہ سے مناظرہ کیا جس کی روداد فرشتہ نے ان الفاظ میں قلم بند کی ہے۔

"قاضی رکن الدین ..... رو بشیخ کردہ گفت اے درویش در باب سرود اں
و سماع چہ حجت داری شیخ بحدیث نبوی السماع مباح لاھلہ
متمسک گشت قاضی گفت بہ حدیث چہ کار تو مرد مقلدی روایتے از
ابو حنیفہ بیار تا معرض قبول افتد شیخ گفت سبحان اللہ من حدیث مصطفوی
نقل مے کنم و تو از من روایت ابو حنیفہ مے خواہی شاید کہ ترا زوقت حکومت
بریں مے دارد زود از یں عہدہ معزول مے شوی پادشاہ چوں حدیث پیغمبر
شنید متفکر شود و ہیچ نہ گفت"۔ ؎

اس مناظرہ کی جو روداد سیر الاولیاء میں مرقوم ہے اس میں حضرت کا یہ جواب بھی منقول ہے:

"وہ ملک کیوں کر آباد رہے گا جس میں رایوں کو احادیث نبوی پر ترجیح ہو"۔

شاہ نظام الدین علیہ الرحمۃ کے استدلال سے آپ کے عقیدہ کا اندازہ کیا جا سکتا ہے اور اس میں ابھی اس ضمیمہ کے الحاق کی ضرورت باقی ہے کہ شاہ صاحب فاتحہ خلف الامام کے بھی عامل تھے جو ہندوستان کے اس ـــــ دستور فقہ حنفیہ کے خلاف عمل بالحدیث کا ثبوت ہے۔

بارھویں صدی ہجری میں عاملین بالحدیث اور بھی زیادہ تعداد میں نظر آتے ہیں الہ آباد (دائرہ شاہ اجمل)

؎ اس فقرہ کو حدیث کہنا شاید فرشتہ کی غلطی ہو یہ فقرہ امام غزالی نے احیاء العلوم میں بطور فتویٰ لکھا ہے۔"
(منقول از معارف ج ۲۲ نمبر ۴)

Marfat.com

میں شاہ محمد فاخر زائر (از ۱۱۲۰ھ تا ۱۱۶۴ھ) اشتیاق عمل بالحدیث کے نغموں سے محفل سنت کو گرما رہے ہیں یعنی

از احادیث رسول آمدہ نام اسلام دیں — نیست غیر از گوہر شہوار در دکانِ ما
از عقاید این نہ آں زائر عقاید ما نجست — در پناہ سنتِ سرور بود ایمانِ ما
اسیرِ سنتِ خیر البشر بود زائر — ز ہر بلا بجز ایں در پناہ نتواں کرد

اور اسی زمانہ میں (ضلع اعظم گڑھ کے موضع گھرا نامی میں شاہ ابو اسحٰق (بن شاہ ابو الغوث گرم دیوان) المتوفی ۱۲۳۴ھ کی محفل تحدیث و عمل بالسنۃ کا چرچا تھا آپ کے باقیات الصالحات میں "نور العین فی اثبات رفع الیدین"[1] (عربی) ہماری جماعت کے نوجوان (عالم) مولوی عبید اللہ صاحب مبارک پوری (اعظم گڑھی) کے کتب خانہ میں قلمی موجود ہے۔

دہلی میں حضرت مرزا مظہر جان جاناں شہید (المتوفی ۱۱۹۰ھ) اسی طریقہ کے عامل تھے الحاصل ملک کے تمام حصوں میں یہ لوگ پھیلے ہوئے تھے۔ مگر ایک تو حالت منتشرہ تھی۔ دوسرے اُس وقت کے رواج عام یعنی غلبۂ تقلید کی وجہ سے یہ جماعت دوسرے فرقوں کی طرح اپنی تبلیغ کر سکتی تھی نہ تنظیم، تا آنکہ ۱۲ ویں صدی ہجری کے وسط میں دار العلوم و الحکمۃ یعنی شہر دہلی کے اندر مولانا شاہ عبد الرحیم رحمۃ اللہ علیہ کے ہاں اُس عظیم الدین[2] کا ظہور ہوا جس نے دین کی "حجۃ اللہ البالغہ" کو دنیائے اسلام کے سامنے پھر اُسی طریق کے مطابق آشکار کیا جو محدثین کرام کا شعار تھا میری مراد اُس سے وہ عظیم ہستی ہے جو تمام اسلامیوں کے اندر شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے نام سے مشہور رہے آپ نے ترویجِ حدیث کے لیے وہ راہیں اختیار کیں جن پر اُن سے پہلے (بلکہ اُن کے معاصر) ہندوستانی علماء کی توجہ نہ ہو سکی۔

اسی دہلی کے اندر دسویں صدی ہجری میں شاہ عبد الحق صاحب محدث (المتوفی ۱۰۵۲ھ) تشریف لائے آپ نے بھی نشر و اشاعتِ حدیث پر توجہ فرمائی محدث کے لقب سے مشہور ہوئے مشکوٰۃ المصابیح کی تجلی

---

[1] تذکرہ علمائے ہند فارسی ص ۵

[2] عظیم الدین ... شاہ ولی اللہ کا تاریخی نام ۱۱۱۴ھ

Marfat.com

بعنوان" لمعات" فرمائی سفر السعادۃ کی شرح لکھی مگر کون کہہ سکتا ہے کہ آپ کی یہ توجہ کارگر بھی ہوئی وہ تو خود کو بھی بے نقاب نہ کر سکے دوسرے اُن کی روشنی سے کہاں تک کسبِ ضیا کر سکتے تھے۔

ولیکن شاہ ولی اللہ صاحب کی تحدیث کا غلغلہ ہندوستان اور اس کے باہر عرب و عجم تک پہنچا جیسا کہ آپ کے شاگردوں کے سلاسل اور آپ کی تصانیف حدیث کی عام مقبولیت سے ثابت ہے۔

شاہ صاحب کی حدیث کی تحریری خدمت

جناب حجۃ اللہ شاہ ولی اللہ نے حدیث کی اول الکتب موطا امام مالکؒ کی دو شرحیں (عربی و فارسی میں) بنام "المسوّٰی" اور "المصفّٰی" لکھیں اور تقلیدی بندھنوں سے بالکل بے نیاز رہ کر اس مجتہدانہ شان کے ساتھ گیارھویں صدی (ہجری) کے مجدد کا فرض تھا ان (دونوں) کا گویا ضمیمہ "الانصاف فی بیان سبب الاختلاف" کے نام سے لکھا تکملہ "عقد الجید فی احکام الاجتہاد والتقلید" سے کیا اور تتمہ "حجۃ اللہ البالغہ" جیسی "غیر مسبوق" کتاب سے جیسا کہ خاتمۃ المحدثین نواب صدیق حسن خاں فرماتے ہیں:

"درفن خود غیر مسبوق الیہ واقع شدہ ومثل آں دریں ۱۲ صد سال ہجرت از ہیچ یکے علمائے عرب و عجم تصنیفے بوجہ دیا مدہ ومن جملہ تصانیف مولف مرضی بودہ است و فی الواقع بیش از اں ست کہ وصفش تواں نوشت۔" انحاف النبلاص ۱۷

"حجۃ اللہ البالغہ" دین کی حجت بنی اس کے ابلاغ نے حق و باطل میں امتیاز کر دیا اس کے ایک ایک لفظ نے تشویق الی السنۃ اور تحریض عمل بالحدیث کا درس دیا۔

شاہ صاحب کا ابلاغ قرآن

جناب حجۃ اللہ علیہ الرحمہ نے کتب حدیث کی شروح کے ساتھ فن حدیث یعنی "القرآن المجید" کی اشاعت کے سامان بھی فراہم کیے۔ کہ قرآن پاک کا ترجمہ اس وقت کی عام زبان (فارسی) میں بعنوان "فتح الرحمٰن" لکھا اگرچہ اس پاداش میں آپ کو بعض تکالیف کا سامنا بھی ہوا لیکن ابلاغ قرآن کا شوق اور بھی بڑھ گیا وکذلک الایمان حین تخالط بشاشۃ القلوب (الحدیث)

(اسی طرح) شاہ ولی اللہ صاحب سے پہلے مصنفین کی کتابیں دیکھیے۔ صدرا، شمس بازغہ، شرح مطالع،

Marfat.com

الافق المبین اور اُن کی سی اور کتابوں کے شروح و حواشی اس کثرت سے ملیں گے کہ جن سے آپ یہ فتویٰ دینے کے لیے مجبور ہو جاتیں کہ ہندوستان کے نصابِ درس میں ان کتابوں کے سوا اور کچھ ہے ہی نہیں یا کتبِ فقہ کے شروح در شروح ولیکن اگر کتبِ تفسیر و حدیث کی تلاش کیجیے گا تو ؎

کس ندانست کہ منزل گہ آرام کجا است

ایں قدر ہست کہ بانگ جرس مے آید

حالانکہ خلد آباد ہندوستان کے مسلمان صدیوں سے کسی رہبر کے منتظر تھے۔

شاہ ولی اللہ صاحب کے بعد علمائے مصنفین نے اپنی تحریروں میں حدیث و تفسیر کے لیے بھی جگہ نکالی ان کے مدارس میں بھی تحدیث ہونے لگی۔ حدیث کا اوّلین ادارہ "مدرسہ رحیمیہ" تھا جس میں نصف صدی تک تو بنفسہٖ حضرت حجۃ اللہ البالغہ شاہ ولی اللہ صاحب ہی نے قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سرمدی نغموں سے اُجڑی ہوئی محفل کا رنگ پھر سے جما دیا کہ جس کے اثر سے طول و عرض ہند و بیرونِ ہند میں صوبہ بصوبہ، شہر بہ شہر اور قریہ بہ قریہ حدیث کے مدرسے قائم ہوگئے۔

بس چمن میں کیا گیا گویا دبستاں کھل گیا

بلبلیں سُن کر مرے نالے غزل خواں ہوگئیں

جناب حجۃ اللہ کے درس کی برکت سے آپ کے ہر چہار صاحبزادگان عالی یعنی مولانا شاہ عبد العزیز محدّث و مولانا شاہ عبد القادر محدّث و مولانا شاہ عبد الغنی محدّث و مولانا شاہ رفیع الدین محدّث نے علمی و دینی فیوض حاصل کیے۔ بیہقیٔ وقت، عَلَم الہدیٰ قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی آپ ہی کے فیض یافتہ ہیں۔ العلامۃ السیّد مرتضیٰ بلگرامی زبیدی اسی چشمہ سے سیراب ہوئے۔ مولانا محمد امین اور ان کے صاحبزادہ گرامی مولانا محمد معین بلگرامی صاحب "دراسات اللبیب" شاہ ولی اللہ صاحب ہی کے خرمنِ علم کے خوشہ چیں تھے۔ شاہ محمد عاشق عرف بابا عثمان کشمیری پھلتی "مدرسہ رحیمیہ" ہی کے فارغ شدہ ہیں اور یہ وہ بزرگ ہیں جن کی سعی و سفارش سے شاہ ولی اللہ صاحب نے "حجۃ اللہ البالغہ"[۱] لکھی ان حضرات کے سوا مولانا رفیع الدین مراد آبادی، مولانا خیر الدین سورتی مخدومی لکھنوی، سید جلال الدین رامپوری و مولانا عبد اسد خان

---

[۱] حجۃ اللہ البالغہ صد ۳

Marfat.com

رام پوری مولانا محمد سعید خاں جد اعلیٰ حکیم نجم الغنی صاحب "اخبار الصنادید" رام پوری اور شیخ جار اللہ بن عبد الرحیم اللاہوری المدنی وغیرھم نے حضرت شاہ ولی اللہ صاحب سے پڑھا۔ اور آپ کا سلسلہ تمام ہندوستان و بیرونِ ہندوستان میں قائم ہوا غرض آپ نے ۴۰ برس تک مسند تحدیث و تفسیر کو رونق بخشی رحمہ اللہ تعالیٰ۔

آپ کے ارتحال کے بعد اسی طریقہ کے رہ نورد اور آپ کے فرزند اکبر مولانا شاہ عبد العزیز صاحب محدّث اپنے مسبوق و متبوع کے جانشین اور "خلیفۃ بلافصل" ہوئے آپ نے اس "خلافت الٰہیہ" کا انصرام جس قابلیت سے کیا وہ محتاج بیان نہیں تدریس جاری ہے نظام بیعت قائم ہے کتابیں لکھی جا رہی ہیں۔

شاہ عبد العزیز صاحب کی علمی و روحانی سرگرمیاں محفل قال و حال تک ہی محدود نہیں بلکہ مسلمانوں کی عام رفاہ کا خیال بھی ہر وقت دامن گیر ہے۔

یہ وہ زمانہ تھا جب صوبہ پنجاب و ملک کابل کے مسلمان اپنی ایک ہمسایہ قوم کا تختۂ مشق ستم صرف اس لیے ہو رہے تھے کہ وہ اس بادشاہ اسلام کے مدّاح اور ہم قوم تھے جس نے اس ہمسایہ قوم کے بزرگوں کے ساتھ مقاتلہ کیا اگر پنجاب میں مسلمانوں کی اس مظلومی کے زمانہ میں شاہ عبد العزیز مکفوف البصر ہو چکے تھے پھر مدت ان الفاظ میں مسلمانانِ پنجاب کی خستہ حالی کا مرثیہ پڑھتے رہے۔

سلام علی مولی جسیم الفضائل — کریم الوری حاوی فنون الفواضل
سماہ الہ العالمین عن الاذی — وعن کل شرفی الخلیقۃ نازل
وبعد فان العبد یحمد ربہ — علی ما حماہ عن صنوف الغوائل
لاغد و اثواب النعیم ملابسی — وامسی وایدی الطیبات حمائل
ولکن اری الکفار ارباب ثروۃ — لقد افسدوا ما بین دھلی و کابل
ولقد رفع الاشرار فوق خیارنا — وکل امر اشریلحب الشناظل
وکل بخیل لا یرام فناؤہ — وکل حسود مبغض ذی وغائل

Marfat.com

اری الخلق طرا مشتکین معاشهم　　　واه رهم ما بین فقر وعائل

الکل زمان من تقاسم رحمة　　　الا له نصیب لا یبود بحائل

وان زمانا ظلت فیه مسودا　　　خلی من الخیرات ملاء الزلازل

فما الشغل فیه غیر فسق وبدعة　　　وما الناس الا کالجمال العباهل

جزی الله عنا قوم سکھ ومرہٹ　　　عقوبة شرعا جلا غیر اجل

فقد قتلوا جمعا کثیرا من الوری　　　وقد اوجعوا فی اهل تناز وجاهل

ولم یبدعوا قوما مصونین عنهم　　　وان واضعوهم بالرزی والکلاکل

هم کل عام نهبة فی بلادنا　　　یجوسون فیها بالنصی والاصائل

لقد فسدت هذه البلاد وقد خلت　　　عن العدل حتی ثنت بل کل قائل

فهل بعد هذا من معاذ لعائذ　　　وهل من مغیث یتقی الله عادل

ایا قلیلکم تشکوا الزمان وانت　　　عن مکارم لطف الله لاه وغافل

کفی الله ساوانا لوجع مفاصلی　　　الیس بکاف عدة للاوائل

وکیف یهم الهم نحو قلوبنا　　　ولذنا الی من لیس عنا بغافل

وان کانت الاقوام لا خیر فیهم　　　فنحن تمسکنا بخیر الوسائل

رسول اله العالمین فانه　　　ثمال الیتامی عصمة للارامل

یلوذ به الالاف من اهل حاجة　　　فهم عنده فی نعمة وفواضل

یضم عفاة الطارقین جنابه　　　کما ضم ام الراس شعث الفتائل

ولیستهزم الجیش العرمرم باسمه　　　وان کان جرار کثیر الصواهل

تا آنکہ رائے بریلی کے ایک ہاشمی مطلبی فاطمی السید احمد حاضر خدمت ہو کر بیعت سے مشرف ہوئے اور اپنے مرشد کے جملہ علوم و معارف اپنے سینہ میں محفوظ کر کے عوام کے سامنے آئے اور اس موقع پر جناب سید صاحب کے احوال میں اتنا ہی کافی ہے کہ آپ امیر المومنین اور مجدد تیرھویں صدی کے

Marfat.com

خطاب سے ملقب ہوئے اللہم اغفرلہ ولآبائہ

شاہ عبدالعزیز صاحب کے زمانہ تدریس وتبلیغ میں آپ کے تینوں بھائی یعنی شاہ عبدالقادر و شاہ عبدالغنی و شاہ رفیع الدین بھی آپ کے یمین ویسار فرائض تبلیغ وتدریس میں مصروف تھے ان حضرات کی علمی خدمات کا تذکرہ قرآن پاک کے ان اردو ترجموں کی صورت میں ہمارے سامنے ہے جن کی اولویت و اولیت سے انکار نہیں ہوسکتا پھر نفس مطلب کا انضباط کہ شاہ عبدالقادر کے ترجمے کے لیے تو یہ کہا گیا کہ اگر قرآن پاک اردو میں نازل ہوتا تو شاہ عبدالقادر کے الفاظ میں ہوتا فنعم اجرالحاملین۔

شاہ رفیع الدین صاحب کا ترجمہ (قرآن) بامحاورہ ہے اور ان دونوں ترجموں کے بعد اگرچہ اردو میں بقدر بیس کے قرآن پاک کے اور ترجمے بھی ہوچکے ہیں مگر ابھی تک اردو خواں مسلمان ان ترجموں سے بھی مستغنی نہیں ہوسکے۔

ان ترجموں کا اسلوب اور شاہ عبدالقادر صاحب کی تفسیر موضح القرآن سب اس بات پر شاہد ہیں کہ یہ دونوں بزرگ اپنے والد ماجد حضرت حجۃ اللہ کے طریق پر عامل تھے۔ اور ہمیشہ ہمیشہ ترویج سنت ان کا بھی مشن تھا۔

شاہ عبدالعزیز صاحب کے اُن شاگردوں کے نام جن سے سلسلہ آگے چلا سیدنا مولانا محمد اسمٰعیل شہید و شاہ عبدالحی بڈھانوی اور الصدر الحمید شاہ محمد اسحاق صاحب دہلوی و مرزا حسن علی صغیر محدث لکھنوی و سید حسین احمد ملیح آبادی والسید العلامہ مولانا اولاد حسن قنوجی (خلیفہ السید احمد امام الوقت بریلوی) اور یہ تمام حضرات صاحب درس وتدریس تھے جیسا کہ ان کے تراجم سے معلوم ہوتا ہے۔

سیدنا شاہ محمد اسمٰعیل صاحب کی تحدیث وتبلیغ جناب حجۃ اللہ کے پوتے اور شاہ عبدالغنی صاحب کے نور نظر نام محمد اسمٰعیل لقب شہید سلسلہ تعلیم کا ذکر اوپر ہوچکا ہے

آپ کی تحدیث وتدریس کا ماجرا۔ آپ نے اپنے آبائی دارالتعلیم "مدرسہ رحیمیہ" کی

Marfat.com

مسندِ تمکین کے ساتھ ہی قرآن و حدیث کی تدریس شروع فرما دی۔ نصاب میں منجملہ کتب مروجہ علم و فنون کے ایک جامع انتصاب کتاب (کہ اس وقت کے مکاتب میں اس کا وجود نہ تھا) یعنی قرآنِ مجید گلے میں آویزاں شہر کا ہر کوچہ و بازار مدرسہ رحیمیہ کے ملحقہ مدارس ہیں۔ موسم برسات میں یہ مدرسہ دریائے جمن پر منتقل ہو جاتا ہے کہ سیدنا اسمٰعیل دریا میں پیراکی کی مشق بھی فرما رہے ہیں اور طلبار کو بھی پڑھا رہے ہیں۔ آخر جامع مسجد کی سیڑھیوں پر شاہ محمد اسمٰعیل صاحب کا یہ درس، درس خارجی (جسے آج کل لیکچر کہا جاتا ہے) کی شکل میں ہونے لگا اس کی گونج ادھر بہار، بنگال و دکن تک اور اُدھر پنجاب کی وادیوں سے گونجتی ہوئی کوہستان ہمالہ کے اس حصہ سے جا ٹکرائی جو کشمیر اور کابل کے درمیان پھیل رہا ہے۔

سیدنا اسمٰعیل شہیدؒ کے ان لیکچروں سے "مدرسہ رحیمیہ" کے تربیت یافتہ ایک سرے سے سراپا درد بن گئے۔ اعلائے کلمۃ اللہ کی تدریس چمکتی ہوئی تلواروں کے سائے میں کرنے کا وقت آ گیا کہ اب اس تدریس کی ضرورت پنجاب کے اُن مسلمانوں کا استخلاص ہے جو اپنے برادرانِ ملک کے مظالم کی وجہ سے ترک اسلام پر مجبور ہو رہے ہیں۔ وہ علمائے کرام جو شاہ عبدالعزیزؒ تک کے فیض یافتہ تھے مسندِ تدریس و تحدیث کو چھوڑ کر سب کے سب امیر المومنین و سید المسلمین السید احمد کے میمنہ و میسرہ کو سنبھالتے ہوئے کوہستان میں پہنچے۔ مسلمانانِ پنجاب کی حفاظت کے لیے گرم پیکار ہوئے اور کفر و اسلام میں یہی خالص جنگ تھی جو محمد بن قاسم فاتح سندھ کے بعد سرزمین ہندوستان پر ہوئی اس کا انجام ع

بازی اگرچہ لے نہ سکا سر تو دے سکا

وصدق اللہ فی کتابہ: إِنَّ اللَّهَ اشْتَرَىٰ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ أَنفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُم بِأَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ

اس جیش کے بقیۃ السیف میں سے ایک حصہ تو وہیں رہ گیا جو اب تک موجود ہے ان کا شغل تدریس و تحدیث بھی ہے۔ دوسرا حصہ وطن لوٹ آیا اور مصروفِ تدریس و تبلیغ ہوا۔

شیخ الکل میاں صاحب سید نذیر حسین محدث دہلوی کی تحدیث

شاہ اسمٰعیل شہید کے اس مسابقت الی الجہاد و فوز بہ شہادت کے بعد ہی دہلی میں الصدر الحمید مولانا شاہ محمد اسحاق صاحب کا فیضان جاری ہو گیا جن سے

Marfat.com

شیخ الکل میاں صاحب السید نذیر حسین صاحب محدث دہلوی مستفیض ہو کر دہلی ہی کی مسندِ تحدیث پر متمکن ہوئے۔

میاں صاحبؒ کا یہ درس ساٹھ برس تک قائم رہا ابتدا میں آپ تمام علوم پڑھاتے رہے مگر آخری زمانہ میں صرف حدیث و تفسیر پر کاربند رہے۔

میاں صاحبؒ کے اس مدرسہ (واقعہ پھاٹک حبش خاں) میں ہندوستان و بیرونی ممالک ہر جگہ کے طالب علم تھے جن میں سے بے شمار حضرات مسندِ تحدیث کے مالک بنے ان میں سے بعض نے حدیث کی خدمت میں وہ حصہ لیا کہ جس کا تذکرہ رہتی دنیا تک (انشاء اللہ العزیز) باقی رہے گا مثلاً

السید عارف باللہ مولانا عبداللہ صاحب غزنوی امرتسری اور آپ کے صاحبزادہ عالی السید مولانا عبدالجبار غزنوی امام جماعت اہل حدیث، شیخ پنجاب حافظ عبدالمنان صاحب محدث وزیر آبادی استاذ الاساتذہ مولانا حافظ عبداللہ محدث غازی پوری، صاحب "عون المعبود فی شرح ابی داؤد" یعنی العلامہ شمس الحق ڈیانوی بہاری، مولانا ابو العلیٰ عبدالرحمٰن مبارک پوری صاحب "تحفۃ الاحوذی شرح جامع الترمذی" و مولانا عبدالعزیز رحیم آبادی (رحمتی) بہاری، و مولانا شاہ عین الحق پھلواروی و مولانا ابو سعید محمد حسین بٹالوی و مولانا احمد اللہ صاحب (متعنا اللہ بعلمہ وطول حیاتہ) پرتاب گڑھی الدہلوی و مولانا محمد سعید بنارسی بانی مدرسہ سعیدیہ بنارس و السید امیر حسن محدث (و ابنہ) السید امیر احمد محدث و مولانا محمد بشیر ساکنین قصبہ سہسوان رحمہم اللہ تعالیٰ۔

اور یہ تمام حضرات صاحب مسند و تدریس تھے ان میں سے بعض ابھی تک ہمارے اوپر سایہ افگن ہیں مثلاً مولانا احمد اللہ صاحب محدث پرتاب گڑھی (صدر المدرسین دار الحدیث رحمانیہ دہلی) اور اس وقت تک جماعت میں جس قدر مدارس قائم ہیں وہ تمام میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ ہی کے شاگردوں کے سلاسل ہیں مثلاً مدرسہ محمدیہ گوجرانوالا میں مولانا حافظ محمد صاحب (گوندلانوالا) یہ صاحب مولوی عبدالجبار صاحب امرتسری امام اہل حدیث کے شاگرد ہیں اور مولانا ابو الخیر محمد اسماعیل صاحب ذبیح وزیر آبادی شیخ پنجاب حافظ عبدالمنان محدث وزیر آبادی کے فیض یافتہ ہیں۔

دُخاندانِ سعادتؒ قصور" مولوی فضل حق صاحب برادر بزرگ مولانا عبدالقادر صاحب (قصوری)

بسلسلۂ میاں صاحب امرتسر پنجاب کا مدرسۂ تقویۃ الاسلام اور اس کے مدرس اعلیٰ مولانا ابو اسحاق نیک محمد صاحب مولانا محمد حسین صاحب ہزاروی امرتسری سلسلۂ میاں صاحبؒ سے بواسطہ مولانا السید عبدالجبار غزنوی امرتسری امام اہل حدیث کے شاگرد ہیں اور مدرسہ احمدیہ سلفیہ لہریا سرائے دربھنگہ کے تمام اساتذۂ علم و حدیث میاں صاحب ہی کے سلاسل حدیث سے وابستہ ہیں مظفرپور کے مدرسہ دارالتکمیل کے مدرس اعلیٰ مولانا عبدالنور صاحب حضرت میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے فیض یافتہ ہیں۔

ہندوستان سے باہر میاں صاحب کے شاگرد کابل میں مولوی عبدالحمید، مولوی اخوان، مولوی شہاب الدین، مولوی عبدالرحیم۔

باجوڑ میں، مولوی زین العابدین

باغستان میں، مولوی محمد حسین

بخارا میں، مُلّا رجب علی

سمرقند میں، مُلّا جلال الدین

غزنی میں، مُلّا شہاب الدین

قندھار میں، مُلّا عبدالرحمٰن

توقند میں، مُلّا نورالدین قہستانی، مُلّا عبدالنور، مُلّا میر عالم

ھرات میں، مُلّا عزیزالدین، مُلّا سید محمد

حجاز میں، شیخ عبدالرحمٰن بن عون نعمانی

نجد میں، شیخ اسحاق بن عبدالرحمٰن و شیخ علی بن ناصر، و سید عبداللہ بن سعد بن عبدالعزیز بدھش و قاضی محمد بن ناصر بن مبارک و قاضی سعد بن عتیق

جزیرۂ جلبستان میں، شیخ محمد بن ابراہیم

سوڈان میں، شیخ عبداللہ بن ادریس الحسینی

علمائے اہل حدیث (ہند) کی تصانیف : ہماری جماعت نے بحمداللہ تعالیٰ تصانیف و تالیف میں بھی

Marfat.com

بہت سرگرمی دکھائی اور علم کی ہر صنف میں بہترین کتابیں لکھیں جن کی بہت ہی مجمل روئداد یہ ہے۔

قرآن مجید کے ترجمے

قرآن مجید کے جو ترجمے حجۃ اللہ شاہ ولی اللہ اور آپ کے صاحبزادگان عالی شاہ عبدالقادر و مولانا شاہ رفیع الدین صاحب نے کیے تھے وہ قلمی صورت میں ملک میں کہیں کہیں پائے جاتے تھے ہمیں اس بات پر بجا طور پر فخر ہے کہ یہ اولیت ہماری جماعت کے ممتاز عالم مولوی ولایت علی صاحب صادق پوری کے حصہ میں آئی۔ ممدوح کا لقب بڑے حضرت صاحب تھا عالم دین ہونے کے ساتھ ہی اُس سعادتِ عظمیٰ سے بہرہ مند تھے کہ شارع اسلام حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ مبارک سے "ذروۃ الاسلام" سے متسم ہے۔ بڑے حضرت صاحب امیر المؤمنین السیّد احمد بریلوی کے خلیفہ تھے۔ کوہستان پر استخلاص المسلمین کے لیے لڑے اور جب یہ شیرازہ بکھر گیا تو وطن میں رہ کر تبلیغ و تدریس کے تمام شعبوں کا انصرام فرماتے رہے اور آخر کار اسی محاذ پر جا کر انتقال فرمایا۔

مولانا شاہ محمد اسحاق صاحب سایہ افگن تھے اور قرآن مجید کے یہ تینوں ترجمے آپ کی تحویل میں تھے آپ نے شاہ صاحب سے درخواست کی کہ اگر شاہ عبدالقادر صاحب کا ترجمہ قرآن عنایت فرما دیا جائے تو اس کی طباعت کا انتظام ہو سکتا ہے۔ شاہ صاحب نے درخواست منظور فرمائی۔ آپ کے ارشاد پر آپ کے مرید مولوی بدیع الزمان مرحوم بردوانی نے دس ہزار روپیہ میں ٹائپ مشین خریدی اور ترجمہ قرآن (شاہ عبدالقادر صاحب والا) بکرات ومرات چھپوا کر شائع فرمایا۔[1]

قرآن کریم کی تفسیر و بیان میں ہماری جماعت کی مسابقت

حضرت حجۃ اللہ شاہ ولی اللہ صاحب کی خدمات کا ذکر اوپر گذر چکا ہے ان کے بعد کے دور میں جماعت اہل حدیث نے قرآن مجید کے متعدد ترجمے اردو میں کیے۔

نواب وحید الزماں حیدر آبادی مرحوم کا ترجمہ قرآن بنام موضحۃ الفرقان اور اسی محمڈن کالج کے ٹرسٹی اور جناب سر سیّد احمد خاں صاحب مرحوم کے دست راست ڈاکٹر حافظ نذیر احمد خاں مرحوم کا ترجمہ ہے۔ ڈاکٹر صاحب کا یہ ترجمہ علمائے اسلام کے اس کمیشن کے سامنے پیش ہوتا جس کا اہتمام سر سیّد کی متبرک و مقدس

137934

---

[1] مستفاد از الدر المنثور فی ذکر اہل صادق پور مولفہ مولانا عبدالرحیم صادق پوری (مرحوم)۔

Marfat.com

سعی نے کیا طریق یہ تھا کہ ڈاکٹر (نذیر احمد خاں) روزانہ کچھ ترجمہ علماء کے کمیشن میں پیش کرتے اور مناسب حک و اضافہ کے بعد جو الفاظ اتفاق رائے سے پاس ہوتے آیات کے نیچے لکھ دیئے جاتے وعلیٰ ھذا القیاس۔

ڈاکٹر صاحب ممدوح کا یہ ترجمہ خطوط وحدانی میں قرآنِ کریم کی تفسیر کا بھی حال ہے۔اس پر صاحب مترجم کا حاشیہ نورٌ علیٰ نور۔

حواشیِ قرآن میں ڈپٹی سید احمد حسن مرحوم دہلوی (المتوفی ۷ جمادی الاول ۱۳۳۸ھ) کا حاشیہ احسن الفوائد بھی قابل ذکر ہے جو صرف احادیث و آثار سے مستنبط ہے۔اسی طرح آپ کی تفسیر "احسن التفاسیر" ہے۔تفاسیر میں بیہقیِ وقت علم الہدیٰ قاضی ثناء اللہ پانی پتی (المتوفی ۱۲۲۵ھ) کی تفسیر مظہری ہے جو حضرت مرزا مظہرِ جان جاناں رحمۃ اللہ علیہ سے عقیدت وارادت کی وجہ سے ممدوح مرحوم کے نام کے ساتھ مضاف بھی کی گئی۔قاضی صاحب مرحوم حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کے تلامذہ سے ہیں حدیث میں اتنے وسیع نظر کہ شاہ عبد العزیز صاحب محدث دہلوی نے آپ کو "بیہقی وقت" کے خطاب سے سرفراز فرمایا علوم باطن میں اس حد تک انشراح کہ آپ کے مرشد حضرت مرزا مظہر جان جاناں نے آپ کو "عَلَمُ الھدیٰ" کے سرپا سے عزت بخشی قاضی صاحب کی یہ تفسیر اصل عربی میں ہے جس کے بعض حصص کا ترجمہ فارسی میں بھی چھپا کچھ عرصہ ہوا کہ دیوبند میں اس کی مکمل اشاعت زیر غور بلکہ زیر طبع[1] تھی۔

یہاں قاضی صاحب کے متعلق یہ عرض ناگزیر ہے کہ مسلمانوں کا ایک طبقہ آپ کو ہمارے طریق کے خلاف بھی سمجھتا ہے تو جیسا کہ میں نے شروع مقالہ میں عرض کیا ہے کہ شاہ ولی اللہ صاحب کے دور تک بھی علمائے اہل حدیث خود کو بے نقاب نہ کر سکے اسی اثر سے جناب ممدوح بھی متاثر تھے ورنہ شاہ عبد العزیز صاحب کا آپ کو "بیہقیِ وقت" اور مرزا مظہر جان جاناں کا آپ کو "علم الہدیٰ" کے خطاب سے سرفراز فرمانا کوئی معنی نہ رکھتا تھا امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ تو فن حدیث کے امام و مقتدا تھے اور ہمارے طریقہ کے خصائص پر آپ کا مشہور رسالہ "جزء القراۃ" بھی دال ہے۔

---

[1] اب یہ تفسیر دیوبند سے شائع ہو چکی ہے اور اس کا اردو ترجمہ بھی شائع ہو رہا ہے۔

Marfat.com

یہی حال حضرت جانِ جاناں کا ہے وہ فرضیت فاتحہ خلف الامام پر عامل و رفع الیدین ان کا کرنا رہا تھا اس طریقہ کا پیرو ایک غیر اہلِ حدیث کو کہ ان کی نظر جزئیات مسائل پر کس قدر وسیع ہی مگر مسلے "علم الہدیٰ" کے لقب سے کیسے پکار سکتا ہے کلاً ثم کلاً۔

"تفاسیر عربی کے سلسلہ میں ہمارے سلسلۂ جماعت کے مشہور قائد جناب مولانا ابوالوفا ثناء اللہ صاحب امرتسری کی "تفسیر القرآن بکلام الرحمٰن" ہے۔

یہ تفسیر "القرآن یفسر بعضہ بعضا" کا بہترین مرقع ہے اسے دیکھیے اور قرآن کریم کی اس حسن و خوبی کی داد دیجیے کہ اس نے اپنے سمجھنے والوں کے لیے اپنے ہی جیب و دامن میں کیا کچھ بھر رکھا ہے "ولقد یسرنا القرآن للذکر فھل من مدکر" تو اسی وقت صحیح ہوگا کہ اس میں تدبر کرنے پر اِدھر اُدھر سے پوری بے نیازی رہے۔

مولانا ثناء اللہ صاحب کی اس سعی کی داد مصر کے رسائل "الاہرام" اور "المنار" نے دی اور ہندوستان کے بہترین نکتہ شناس ادارہ معارف اعظم گڑھ نے تو یہاں تک لکھا کہ "تفسیر القرآن بکلام الرحمٰن" اس قابل ہے کہ اسے نصابِ درس میں داخل کر لیا جائے[1]۔

صاحب ممدوح نے عربی ہی میں ایک اور تفسیر "بیان الفرقان علی علم البیان" لکھی ہے یہ ابھی سورۂ بقرہ تک ہے اور اپنی اسی شان و لربائی کے ساتھ کہ صاحب مصنف کا حصہ ہے۔

جناب ممدوح کی ایک ضخیم تفسیر اردو میں ۸ جلدوں میں بنام "تفسیر ثنائی" ہے اس کا رنگ پہلی دونوں سے بالکل مختلف اور مناظرانہ طرز پر، غیر مسلم معترضین یعنی قادیانی، رہبر وصنف، عیسائی آریہ وغیرہم کے اعتراضوں کے جواب اور مسکت جواب ہیں۔

حضرت العلامۃ الفاضل ممدوح کی عیسائی معترض کی تنقیص قرآن پر ایک ضخیم کتاب "تقابل ثلاثہ" ہے جس میں "قرآنا عربیا غیر ذی عوج" کا تقابل تورات و انجیل کے ساتھ آیت بہ آیت جدول میں کیا ہے۔ سوامی دیانند سرسوتی بانی آریہ سماج کی "ستیارتھ پرکاش" کے چودھویں سمولاس میں قرآن کریم پر جو

---

[1] معارف ج ۲۴ نمبر ۴ ص ۳۱۶

جو اعتراضات ہیں ان کا جواب آپ نے اپنی نفیس ترین کتاب "حق پرکاش" میں دیا۔

کچھ عرصہ ہوا ایک آریہ معترض نے از سرِ نو قرآن مجید پر سخت جارحانہ حملے کیے۔ ان کا جواب ہمارے اس مردِ میدان لا ایدہ اللہ نے کتاب الرحمٰن کے خدائی ہتھیار سے دیا۔

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہ حاملِ قرآن و شارحِ قرآن کی دو گونہ خلعتوں سے سرفراز تھے۔ آپ کی ذات مستجمع الصفات پر جب راج پال آریہ نے ایک فحش عنوان (کہ جس کے اعادہ کرنے سے میرا مداح رسول قلم لرزہ براندام ہوا جاتا ہے) سے لکھا تو رسولِ عربی الہاشمی المطلبی کے اس سچے پیرو نے اس تقدس کے ساتھ اس کا جواب دیا کہ ہندوستان کے تمام مسلمان "شنا ما اللہ بود ورد زبانم" پکارنے لگے اس کتاب کا نام "مقدس رسول" ہے اللہ تعالیٰ آپ کی عمر و ارادوں میں برکت فرمائے۔

حال ہی میں ہماری جماعت کے مشہور مفسر قرآن مولانا حافظ محمد ابراہیم صاحب سیالکوٹی نے سورہ فاتحہ کی تفسیر ایک ضخیم جلد میں لکھی ہے یہ ۴۸۸ بڑے صفحوں پر مشتمل ہے۔ صرف ام الکتاب کی اتنی بسیط تفسیر میں کس قدر نکات بیان ہوئے ہوں گے۔

جناب موصوف الصدر نے قرآن مجید کے متعلق اور کتابیں بھی مختلف ضروریات کے مطابق لکھیں جن میں صرف آیت "اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ وَرَافِعُكَ اِلَیَّ" کی تفسیر دو جلدوں میں بعنوان "شہادۃ القرآن" ہے جو مسئلہ حیاتِ عیسیٰ علیہ السلام پر ایسی گواہی ہے کہ حضرت مسیح کو مُردہ بتانے والے بھی "كَذٰلِكَ يُحْيِي اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ" پکار اٹھے۔

اسی طرح مولانا محمد ابراہیم نے عیسائیوں کے اُن اعتراضات پر جو انہوں نے قرآن کریم کی منقصت کی صورت میں کیے کتاب تعلیم القرآن و کتاب تائید القرآن کے ناموں سے لکھے۔

انہی ۳ سالوں میں قرآن مجید کی ایک اور اردو تفسیر بنام ترجمان القرآن کے دو حصے از

ترجمان القرآن سورۃ الفاتحہ تا بہ سورۃ المؤمنون شائع ہو چکے ہیں۔ یہ تفسیر ہماری جماعت کے مشہور سازِ فات نابہ قاف یعنی مطلع انوار الہلال منبع البلاغ المبین ناشر حدیث ختم المرسلین صاحب القلم والبیان السید احمد ابوالکلام آزاد کی تصنیف ہے جس نے تعلیم یافتہ طبقہ کے افکار میں ایک سرے سے تبدیلی کر دی ہے۔

Marfat.com

جناب خواجہ عبدالحی فاروقی شیخ التفسیر جامعہ ملیہ اسلامیہ دہلی جو ہماری جماعت اہلِ حدیث کے ممتاز علماء سے ہیں آپ نے ہمارے موجودہ سیاسی ابتذال کی اصلاح کے لیے تفسیر قرآن کی ایک خاص طرز نکالی کہ قرآن کریم کی اُن آیات کو جو تنظیم و تحریض علی الجہاد کی سبق آموز تھیں ،ان کو مناسب و برمحل استدلال کے ساتھ ہم گم کردہ راہوں کو صراطِ مستقیم دکھانے کی کوشش فرمائی یہ تفاسیر اب تک حصّوں میں چھپ چکی ہے یعنی

الخلافۃ الکبریٰ تفسیر سورہ بقرہ بیان تفسیر سورۂ آلِ عمران صراطِ مستقیم تفسیر سورۃ الانفال والتوبہ عبرت تفسیر سورۂ یوسف برھان تفسیر سورۂ نور سبیل الرشاد تفسیر سورۃ الحجرات سبیل السلام تفسیر پارہ ۲۸ و ذکری تفسیر پارہ ۳۰ -

علمائے اہلِ حدیث نے کتب علوم و فنون کے حواشی میں بھی حصّہ لیا جیسا کہ (آگے چل کر) آپ کو فہرست سے مفصل معلوم ہوگا۔

فلسفۂ جدیدہ پر ہمارے ایک نوجوان عالم مولوی عبیدالرحمٰن (افضل العلماء، مدراس یونیورسٹی) پیغمبر پوری بہاری (مدرس جامعہ عربیہ دار السلام عمر آباد مدراس) ایک کتاب النوامیس الالھیہ عربی میں لکھ رہے ہیں جو آخری جماعتوں کے لیے ہے۔

السیّد نواب صدیق حسن خاں رئیس بھوپال کی خدمات

حضرات !

آپ کو یاد ہوگا کہ جناب السیّد نواب صدیق حسن خاں صاحب مرحوم قنوجی کی دستار فضیلت جس وقت طرۂ شاہانہ سے مزیّن ہوئی تو ریاست بھوپال ایک سرے سے منبع علم و مرجع علماء ہوگئی حضرت والا جاہ علیہ الرحمۃ نے ایک محفلِ علم سجائی۔ دور و نزدیک کے علماء جمع ہوئے ہندوستان کے بے شمار نامی گرامی اہلِ علم اس ماہتاب علم کا ہالہ بن گئے: قاضی بشیر الدین مرحوم قنوجی الشیخ قاضی محمد مچھلی شہری، مولانا سلامت اللہ جیراجپوری، شیخ حسین عرب محدث یمنی مولانا محمد بشیر سہسوانی بھوپال میں تشریف فرما ہیں، متعدد مدارس علم و فن قائم ہو کے تلیا کھیچے چلے آرہے ہیں۔ ریاست کے تمام مسلمان اس خدمت کی دینی برکتوں سے مالا مال ہو رہے ہیں کہ علم و فن

Marfat.com

کے اعتبار سے بھوپال کی قسمت ہی جاگ اٹھی۔

حضرت السیّد نواب صاحب مرحوم نے اشاعتِ حدیث کی ایک نئی طرح ڈالی کہ حفاظِ قرآن کی طرح حفاظِ حدیث کا التزام کیا اور صحیح بخاری سے لے کر بلوغ المرام تک کے لیے علیحدہ علیحدہ انعامات و وظائف کا اعلان فرمایا۔ ہمارے شہر علی گڑھ کے مشہور اہلِ حدیث داعی مولوی عبدالتواب صاحب غزنوی اپنے وعظ میں جو پے بہ پے احادیث پڑھتے چلے جاتے ہیں یہ نواب صاحب ہی کے اس التزام کا ثمرہ ہے یہی سردِ احادیث مرحوم حافظ عبدالوہاب نابینا دہلوی (المتوفی ۱۳۴۸ھ) میں تھا۔

مولوی عبدالتواب صاحب ممدوح اس زمانے میں میرٹھ کے مدرسہ میں مولانا حمید اللہ مرحوم سے پڑھتے تھے۔ مولانا عبدالوہاب دہلی میں اور ابھی یہ لوگ نصف کے قریب مشکوٰۃ حفظ کر چکے تھے کہ نواب صاحب ہی کو پیغام اجل آپہنچا اور حفاظت و اشاعت حدیث کی اس طرز جدید کا خاتمہ اس کے موجد کے ساتھ ہی ہوگیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

حضرت نواب صاحب نے تفسیر القرآن پر عربی میں "فتح البیان فی مقاصد القرآن" ۷ جلدوں میں لکھی۔ اردو میں ایک تفسیر بنام "ترجمان القرآن" ۱۵ جلدوں میں مرتب کی اصول تفسیر و طبقات مفسرین پر "الاکسیر فی اصول التفسیر" لکھی۔ حدیث میں صرف "بلوغ المرام من ادلۃ الاحکام" کی ۳ شرحیں بعنوان مسک الختام و فتح العلام بشرح بلوغ المرام والروض البسام من ترجمۃ بلوغ المرام لکھیں۔ الجامع الصحیح للبخاری کی شرح بنام عون الباری لحل ادلۃ البخاری قلمبند کی۔ السراج الوھاج فی شرح مختصر الصحیح مسلم ابن الحجاج کے نام سے الجامع الصحیح للمسلم کو واضح کیا۔ رجالِ حدیث میں نہایت جامع کتاب بنام "اتحاف النبلاء المتقین باحیاء مآثر الفقہاء والمحدثین" مرتب فرمائی۔ صحاح ستہ کے فوائد پر "الحطہ فی ذکر الصحاح الستہ" جیسی بے نظیر کتاب لکھی۔ الغرض نواب صدیق حسن خاں صاحب نے تفسیر میں ۹ اور فن حدیث پر ۳۱ کتابیں لکھیں۔

ممدوح مرحوم کی ان خدمات کا حصر انہی تصانیف پر نہیں بلکہ آپ نے قرآن و حدیث کے متعلق متفرق

Marfat.com

کی اکثر کتابیں جو بیش قیمت ہونے کے ساتھ کمیاب بھی ہو چکی تھیں۔ عرب و عجم سے گراں بہا قیمتوں پر حاصل کر کے مطابع مصر و بیروت اور ہندوستان میں لاکھوں روپیہ خرچ کر کے چھپوائیں اور بلا طلب معاوضہ محض حسبۃً للہ علماء کی نذر کر دیں کہ جن کے وجود سے عربی زبان کا کوئی کتب خانہ خالی نہ ہوگا۔

حضرت النواب صدیق حسن خاں صاحب نے جو کتابیں اس طرح چھپوا کر مفت تقسیم فرمائیں ان میں سے چند کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔

فتح الباری شرح الصحیح للبخاری، تفسیر ابن کثیر، نیل الاوطار وغیرہ ان میں سے نیل الاوطار پر ۲۵ ہزار اور تفسیر ابن کثیر پر ۲۰ ہزار روپیہ صرف ہوا۔ فتح الباری کا نسخہ ۱۰۰ سو روپیہ میں مصر سے خریدا اور ہزاروں کی تعداد میں چھپوا کر مفت تقسیم کر دیا۔ ہندوستان میں فتح الباری سب سے پہلے جماعت اہل حدیث کے اسی سرتاج و سردار کی خسروانہ فیاضیوں کے طفیل پہنچی۔ اور ان کے چھپانے کے لیے آپ نے مولوی محمد بن غلام رسول السورتی کو مصر بھیجا۔ آج جن کے صاحبزادوں کا بمبئی میں ایک بہت بڑا تجارتی کتب خانہ ہے۔

نواب صاحب نے تمام فنونِ علم میں ۲۲۲ کتابیں لکھیں اور تمام کی تمام ہزار ہا کی تعداد میں چھپوا کر مفت تقسیم فرمائیں۔

نواب صاحب مرحوم کی تصانیف کا تکملہ

ابجد العلوم یعنی عربی انسائیکلوپیڈیا آف اسلام

ابجد العلوم ہے یہ جملہ علوم اسلام پر حاوی ایک ضخیم کتاب لایک ہزار کے قریب صفحات بڑی تقطیع پر عربی میں ہے جو اس وقت تک کے معلومات کے مطابق بہترین "دائرۃ المعارف" کہی جا سکتی ہے۔

ہمارے علماء نے سنن ابی داؤد پر متعدد شروح و حواشی لکھے چنانچہ جناب العلامہ مولانا شمس الحق مرحوم ڈیانوی بہاری (المتوفی ۱۹ ربیع الاول ۱۳۲۹ھ) نے عون المعبود شرح ابی داؤد چار ضخیم جلدوں میں لکھی جو آج علماء و طلباء سب کے سامنے ہے۔ صاحب الفاضل ممدوح نے ابوداؤد کی ایک اور شرح غایۃ المقصود ۳۲ جلدوں میں لکھی مگر ابھی اس کی پہلی ہی جلد چھپی تھی کہ آپ نے داعی اجل کو لبیک کہا اللھم اغفر لہ

Marfat.com

مولوی محمد صاحب حیدرآبادی نے عون الودود حاشیہ سنن ابی داؤد لکھا جس پر حضور نظام نے آپ کے لیے ۵۰ روپے ماہانہ کا وظیفہ تاحیات مقرر فرما دیا۔

جامع الترمذی پر مولانا ابو العلی عبدالرحمٰن مبارکپوری الاعظمی (المتوفی ۱۶ شوال ۱۳۵۳ھ) نے ایک ضخیم شرح بعنوان "تحفۃ الاحوذی شرح جامع الترمذی" ۴ جلدوں میں لکھی ہے۔ بحمداللہ یہ کتاب چھپ چکی ہے مرحوم نے جامع الترمذی کا ایک مقدمہ بھی لکھا ہے اور سنن ابی ماجہ کی شرح عربی میں ہمارے ایک نوجوان عالم مولوی عبدالسلام صاحب بستوی (مولوی فاضل) مدرس مدرسہ علی جان دہلی لکھ رہے ہیں۔

کتب احادیث کے اردو ترجمے ہمارے علماء نے احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اردو داں طبقہ تک عام کرنے کے لیے حدیث کی کتابوں کے ترجمے بھی کیے۔ تقریباً تمام صحاح ستہ کا ترجمہ نواب وحیدالزماں حیدرآبادی (المتوفی ۱۵ شعبان ۱۳۳۸ھ) نے کیا ریاض الصالحین و مشکوٰۃ کے ترجمے مولوی عبدالاول غزنوی امرتسری (المتوفی جمادی الاخریٰ ۱۳۱۳ھ) نے کیے۔ الفوائد المجموعہ فی الاحادیث الموضوعہ (للشوکانی) اور الموضوعات الکبیر (ملا علی قاری) کے ترجمے مولانا فضل حق صاحب دلاوری (گوجرانوالا) نے لکھے جو عرصہ ہوا مطبع احمدی لاہور میں چھپ چکے ہیں (مولانا فضل حق صاحب[۱] خاندان سادات قصور سے ہیں۔

جماعت اہل حدیث کی صحافی خدمات ہماری جماعت کی صحافی ترقی بھی قابل ذکر ہے مولوی محمد حسین مرحوم بٹالوی (المتوفی ۶ جمادی الاولیٰ ۱۳۳۸ھ) نے سب سے پہلے (جماعت میں) ماہانہ رسالہ "اشاعۃ السنۃ" جاری کیا جو تقریباً نصف صدی تک علم دفن کی خدمت میں منہمک رہا۔

مولانا ابوالوفا ثناءاللہ صاحب امرتسری نے اخبار اہل حدیث ہفتہ وار بتاریخ ۱۳ نومبر ۱۹۰۳ء کو جاری کیا جسے ۴۴ سال ہونے کو آئے اس مدت میں "اہل حدیث" نے مذہب علم و زبان کی کتنی خدمت کی ہوگی۔ "الہلال" و "البلاغ" کا تذکرہ اوپر ہو چکا ہے۔ بغرض اس وقت تک ہماری جماعت کے ۱۶ اخبار

---

[۱] ۵ جون ۱۹۴۷ء جولائی تک جاری رہا۔

Marfat.com

درسالے تو اپنی اپنی زندگی ختم کر چکے ہیں اور ۲۱ ابھی تک مصروف عمل ہیں۔ ہر دو صنف کی مفصل فہرست آگے چل کر آپ کے ملاحظہ سے گذرے گی۔

زبان اُردو کی خدمت ہماری جماعت نے مذہبی توغل کے ساتھ ملک وملت کی عام ضروریات کو بھی سامنے رکھا۔ زبانِ اُردو کی توسیع کی تاریخ پڑھیے تو مولانا عبدالحلیم شررؔ لکھنویؒ کا نام جلی حروف میں نظر آئے گا۔ آپ حضرت میاں صاحب السید نذیر حسین محدث دہلوی کے شاگرد تھے جس کا اعادہ وہ خود بھی فرمایا کرتے۔ آپ کے شرکائے سبق میں سے ابھی تک مولوی حاجی عبدالغفار صاحب دہلوی (آفت علیجان) بقیدِ حیات موجود ہیں۔

شررؔ مرحوم نے ۱۸۸۷ء میں حیدر آباد دکن سے "دل گداز" (ماہانہ) جاری کیا جو ایک معمولی وقفہ کے ساتھ مدیر کے آخری دورِ حیات تک قائم رہا۔ "دل گداز" نے نہ صرف زبان (اُردو) کی خدمت میں نمایاں حصہ لیا بلکہ علم و فن کے ہر شعبہ میں اس کی سابقت مسلّم ہے۔ وہ اس قدرِ کہتر کے ساتھ بقیمت بہتر کا مصداق واقعی تھا۔

حضرت شررؔ مرحوم کی تصانیف کی تعداد ۷۹ تک ہے جن میں اسلام پر، کتابیں ہیں۔ تاریخ وسیر پر ۳۶، ناول (تاریخی) ۲۲، ناول اصلاحی ۱۴۔ ان میں سے ہر ایک کتاب اگرچہ اپنے فن میں بے مثل ہے مگر ان سب کا مجموعہ ادب اُردو کا وہ بیش بہا سرمایہ ہے کہ جس کے اعتراف سے اہل ملک کو کبھی انکار نہ ہو سکا چنانچہ شررؔ کے ارتحال کے بعد رسالہ اُردو (اورنگ آباد دکن) نے آپ کی ادبی خدمات پر انعامی مقابلہ کا اعلان کیا اور اس عنوان پر مقالہ نگار کو سینکڑوں روپے دیئے۔

زبان وادب کے مسئلہ پر "الہلال" (مولانا ابوالکلام آزاد) کو بھی پیش کیا جا سکتا ہے جس نے ترویج و ترقی زبان کے لیے نئی نئی راہیں اور نئی نئی اصطلاحیں جاری کیں۔ اور اس سے انکار مشکل ہے کہ "الہلال" نے جہاں مسلمانوں میں انقلاب ذہنی وسیاسی میں نمایاں حصہ لیا وہاں زبان اُردو کی ترویج وترقی میں بھی گونہ مسابقت کی۔

مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کے بانی اور اہل حدیث عقائد مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کے نامور

Marfat.com

بانی جناب سر سید احمد خاں مرحوم جن کی مخلصانہ کوششوں کے نتائج اس کانفرنس اور مسلم یونیورسٹی کی شکل میں نمایاں ہیں جنہوں نے اپنی تمام زندگی ملک و ملت کے لیے وقف کر دی اپنی تمام عمر کی کمائی قوم پر نثار کر گئے وہ بھی جب اپنے مولد دہلی سے نکلے تو عقیدۂ اہل حدیث پر تھے۔ سر سید مرحوم نے حدیث جناب الصدر الحمید شاہ محمد اسحاق صاحب سے پڑھی جس کے اثر سے انہوں نے کبھی رفع یدین علی الصدر اور آمین بالجہر ترک نہ کی۔

چنانچہ مولانا شبلی علیہ الرحمۃ نے اپنے زمانہ قیام علی گڑھ میں جو خطوط احباب و اعزا کے نام لکھے اُن میں سر سید مرحوم کے اس توغل کو ان لفظوں میں نقل فرماتے ہیں کہ:

"مغرب کی نماز! سبحان اللہ! کیا شان و شوکت ہوتی ہے کہ بس دل پھٹا پڑتا ہے۔ خود سید صاحب بھی شریک نماز ہوتے ہیں اور چونکہ وہ عامل بالحدیث ہیں آمین زور سے کہتے ہیں۔ ان کی آمین کی گونج مذہبی جوش کی رگ میں خون بڑھا دیتی ہے۔"

مکاتیب شبلی حصہ اول ص ۴۶

اور جب کبھی عقاید خاصہ کا تذکرہ آتا تو جناب سر سید اپنا انسلاک اسی جماعت (اہل حدیث) کے ساتھ ظاہر فرماتے اگرچہ افسوس ہے کہ ہمارے عقاید کی سادگی سر سید کے بعض تشدد کی وجہ سے مرحوم کو اپنے ساتھ رکھنے سے آخر معذور ہو گئی۔ فَيَا أَسَفَىٰ عَلَىٰ يُوسُفَ!

مگر مرحوم کا عہد اول جس کا تذکرہ اوپر ہو چکا ہے اسی عقیدہ سے مزین تھا۔

سر سید علیہ الرحمۃ کے رفقاء میں اکثر حضرات اسی عقیدہ کے حامل تھے ان میں سے بعض نے اپنے فکر کے مطابق اس کے اظہار سے اغماض کیا اور بعض نے اس اظہار ہی کو اصابت فکر سمجھا مِنْهُم مُّقْتَصِدٌ وَمِنْهُمْ سَابِقٌ بِالْخَيْرَاتِ (الآیہ) ان میں سے نواب محسن الملک سید مہدی حسن مرحوم قابل ذکر ہیں۔ آپ نے "تقلید اور عمل بالحدیث" کے نام سے اس مابہ الامتیاز پر بہترین کتاب لکھی نواب صاحب ممدوح کی دوسری مذہبی تصانیف سے بھی ان کے مسلک عمل بالحدیث کا پتہ چلتا ہے ان کا مسئلہ تفسیر پر جو تحریری مکالمہ جناب سر سید سے ہوا وہ بعنوان "المکاتبات الخلان" چھپ چکا ہے اس سے بھی آپ کے ذوق

Marfat.com

اتباعِ سنت کا پتہ چلتا ہے۔

حضرات!

میں نے غیر ضروری اختصار سے کام لیا بعض قابلِ ذکر امور نظر انداز کر دیئے مگر اس پر بھی مضمون کا یہ حصہ اتنا وسیع ہوتا گیا کہ جس پر بغیر طلبِ عفو کے چارہ نہیں اس حصہ کے بعد تصانیف و مدارسِ اہلِ حدیث کی فہرست ہے جو سننے کی بجائے ع

دیدنی ہیں دلِ خراب کے رنگ

ذکر مافات: یادش بخیر! جناب العلامہ مولانا عبدالعزیز صاحب المیمنی راج کوٹی پروفیسر مسلم یونیورسٹی علی گڑھ جن کا قرب (راقم مقالہ نگار) کے لیے سراسر بُعد ہے جس کی وجہ سے آپ خاتم مضمون کے مقام پر جا پہنچے۔

آپ جماعت اہلِ حدیث کے ان اعلام سے ہیں جنہیں من جملہ دیگر علوم عربیہ کے ادب و لغت عربی پر وہ دسترس حاصل ہے کہ جس کا چرچا ہند و شام ہی نہیں ہے مصر جس کے غلغلہ سے معمور ہے ممالک شام جس کے ذکر سے رطب اللسان ہیں اور خود مستشرقین یورپ جن سے مستفید ہیں۔

جناب ممدوح کی مصنفات ۱۳ تک ہیں اور تمام عربی میں ان میں سے اکثر مطبوع بعض ناتمام اور بعض حدِ تمام تک پہنچ کر منتظر اشاعت، ان میں سے " معجم الامثال السائرۃ والایام المأثورۃ والبنین والبنات والآباء والامہات والذوین والذوایات" ۲۰ ہزار امثال عرب کا مجموعہ ہے (زیرِ تبییض) اور مطبوعات میں سے "سمط اللآلی فی شرح امالی القالی" دو جلدوں میں کہ جناب العلامہ نے جس کے چھپوانے کے لیے مصر کا شد رحال فرمایا۔ آپ کی تصانیف کی مکمل فہرست آگے چل کر آپ کے ملاحظہ سے گذرے گی۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

ابویحییٰ امام خاں نوشہروی

Marfat.com

قرآن مجید کے ترجمے

عدد	عدد مسلسل	نام ترجمہ	مترجم	کیفیت
۱	۱	فتح الرحمٰن (فارسی)	حجۃ اللہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی المتوفی ۱۱۷۶ھ	
۲	۲	ترجمہ (اردو)	شاہ عبدالقادر محدث دہلوی المتوفی ۱۲۴۳ھ	سب سے پہلے مولانا ولایت علی صادق پوری رحمۃ اللہ علیہ کے مرید مولوی بدیع الزمان بردوانی نے ٹائپ میں چھپوایا۔
۳	۳	ترجمہ (اردو)	شاہ رفیع الدین محدث دہلوی المتوفی ۱۲۴۹ھ	
۴	۴	ترجمہ (اردو)	نواب وحید الزماں حیدرآبادی المتوفی ۱۵ شعبان ۱۳۳۸ھ	
۵	۵	ترجمہ اردو	حافظ نذیر احمد خاں	

کتب تفاسیر بزبان عربی

عدد	عدد مسلسل	نام	مصنف	کیفیت
۱	۶	فتح الخبیر فی اصول التفسیر	حجۃ اللہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی	
۲	۷	الفوز الکبیر فی اصول التفسیر	" " "	
۳	۸	تفسیر مظہری	بیہقی وقت علم الہدیٰ قاضی ثناء اللہ پانی پتی المتوفی ۱۲۵۹ھ	
۴	۹	تفسیر قاضی پوری	قاضی بخشش احمد بھاکری بہاری المتوفی ۹ ذی قعدہ ۱۳۰۴ھ	

Marfat.com

عدد	عدد مسلسل	نام کتاب	مصنف	کیفیت
۵	۱۰	تفسیر القرآن بکلام الرحمٰن	مولوی ابوالوفا ثناء اللہ امرتسری	
۶	۱۱	بیان القرآن علیٰ علم البیان	” ” ”	
۷	۱۲	فتح البیان فی مقاصد القرآن (۷ جلد)	السید النواب صدیق حسن خاں رئیس بھوپال المتوفی ۱۳۰۷ھ	
۸	۱۳	نیل المرام من تفسیر آیات الاحکام	” ” ” ”	

کتب تفاسیر بزبان فارسی

عدد	عدد مسلسل	نام کتاب	مصنف	کیفیت
۱	۱۴	الفوز الکبیر	حجۃ اللہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی	
۲	۱۵	فتح العزیز تفسیر عزیزی	مولانا الشاہ عبد العزیز محدث دہلوی المتوفی ۷ شوال ۱۲۳۹ھ	پارہ تبارک، سورہ یسین، سورہ مومنون، و سورہ عمّ کی تفسیر
۳	۱۶	الاکسیر فی اصول التفسیر	السید النواب صدیق حسن خاں رئیس بھوپال	مشتمل بر اصول تفسیر و ذکر کتب تفسیر و ذکر مفسرین و طبقات کتب تفاسیر
۴	۱۷	افادۃ الشیوخ بمقدار الناسخ والمنسوخ	السید النواب صدیق حسن خاں رئیس بھوپال	

کتب تفاسیر بزبان اردو

عدد	عدد مسلسل	نام کتاب	مصنف	کیفیت
۱	۱۸	تفسیر موضح القرآن	شاہ عبد القادر محدث دہلوی	
۲	۱۹	ترجمان القرآن ۱۵ جلدوں میں	السید النواب صدیق حسن خاں رئیس بھوپال متوفی ۱۳۰۷ھ	نواب صاحب نے ابتدائی ۷ جلدیں از سورہ فاتحہ تا سورہ کہف اور سورۃ ملک سے سورہ ناس تک

Marfat.com

عدد	عدد مسلسل	نام کتاب	مصنف	کیفیت
				لکھی تھی کہ داعی اجل کو لبیک کہا آپ کے بعد مولوی ذوالفقار احمد نے اسے مکمل کیا۔
۳	۲۰	تفسیر وحیدی	مولوی نواب وحید الزماں حیدرآبادی متوفی ۱۳۳۸ھ	
۴	۲۱	احسن التفاسیر	ڈپٹی سید احمد حسن دہلوی متوفی ۱۷ جمادی الاولی ۱۳۳۸ھ	آپ نے ایک مختصر حاشیہ قرآن بنام "احسن الفوائد" بھی لکھا
۵	۲۲	تفسیر مظہر البیان	حکیم مظہر علی بن حکیم بدرالدین سہسوانی متوفی ۱۳۱۲ھ	
۶	۲۳	اعظم التفاسیر (اردو)	مولوی رحیم بخش مرحوم دہلوی	دہلی میں طبع ہوئی حاشیہ پر تفسیر سواطع الالہام (علامہ فیضی) بھی ہے مختصر اور محققانہ تفسیر ہے
